57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



### الکاراز تیسرے راؤنڈ میں

اسپین کی کارلوس الکاراز نے اٹلی کے میٹیا بیلوچی کو ۶-۱، ۶-۰، ۶-۳ سے شکست دے کر یو ایس اوپن کے تیسرے راؤنڈ میں جگہ بنالی۔ عالمی نمبر ایک سپاینکانے کدر میٹووا کے خلاف سست آغاز کیا پہلے سیٹ کے ٹائی بریکر میں سخت مقابلے کے بعد تین بار کی گرینڈ سلیم فاتح نے اپنا لئے حاصل کیا اور دوسرے سیٹ میں کامیابی حاصل کی۔ (تفصیلات اندر)



### اسالنکا کی قیادت میں ٹیم کا اعلان

سری لنکا نے زمبابوے کے خلاف ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے چرت اسالنکا کی قیادت میں ۱۷ رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ سلیکٹرز نے زخمی ویندو ہسر نگا کو دورہ زمبابوے کے لیے ٹیم میں شامل نہیں کیا ہے۔ ایسے میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں ہونے والے آٹھ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں ان کا کھیلنا مشکوک سمجھا جا رہا ہے۔ (تفصیلات اندر)

جلد نمبر 57 | Friday 29th August 2025 | ۲۹ اگست ۲۰۲۵ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۴ ربیع الاول ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 234 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## سرحد پار کرنے کی کوشش میں ایک درانداز کو ہلاک کیا گیا/فوج

### للکارنے کے باوجود دراندازوں کے گروپ نے پیش قدمی کی تھی

سرینگر/سی این آئی کے مطابق فوج نے کنٹرول لائن پر گریز سیکٹر میں دراندازی کی کوشش کا ناکام بنایا ہے۔ دفاعی ذرائع کے مطابق یہ کارروائی نوشہرہ ناڑ کے قریب ہوئی، جہاں الرٹ فوجیوں نے دراندازوں کے ایک گروپ کو اس پار علاقے میں داخل ہونے کی کوشش میں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ سرحد کی حفاظت پر تعینات فوجی اہلکاروں نے انہیں للکارا اور واپس جانے کو کہا تاہم انہوں نے نہیں مانا اور اس پار داخل ہونے کی مسلسل کوشش کی جس کے بعد فوجیوں کو فائرنگ کا سہارا لینا پڑا اور فائرنگ واقعہ میں دونوں دراندازوں کو ہلاک کیا گیا۔ فوج کے چنار کور نے ایکس پر ایک پوسٹ میں اس کی تصدیق کرتے ہوئے کہا'' ممکنہ دراندازی کی کوشش کے بارے میں جموں کشمیر پولیس کی طرف سے فراہم کردہ انٹیلی جنس کی بنیاد پر، فوج اور جموں کشمیر پولیس نے گریز سیکٹر میں مشترکہ آپریشن شروع کیا تھا''۔ انہوں نے کہا/ 1





## جموں میں سیلابی پانی کے نالے سے چار لاشیں نکالی گئیں/ حکام

### بدھ کی شام نگروٹا میں دریائے توی سے ایک لاش نکالی گئی

جموں/ سیلاب میں جن لوگوں کی املاک تباہ ہوئی ہیں، ان لوگوں کو بچانے اور باز آبادکاری کے لیے جموں اور سانبہ میں ایک سے زیادہ ایجنسیوں کا آپریشن جاری ہے۔ جمعرات کو خطے میں آنے والے سیلابی ریلے میں مزید چار افراد بہہ گئے۔ جموں خطہ میں گزشتہ دو دنوں میں ریکارڈ بارش ہوئی ہے جس کی وجہ سے 45 افراد ہلاک ہوئے ہیں، جن میں سے زیادہ تر وشنو دیوی یاترا کے راستے پر مٹی کے تودے گرنے سے ہوئے ہیں۔ بدھ کو بارش میں کمی نے امدادی کارروائیوں کو تیز کرنے کا موقع دیا۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ "لوگوں کو بچانے اور ان کی بحالی، دیہاتوں کو دوبارہ جوڑنے، اور نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لیے پورے خطے میں آپریشن جاری ہیں۔" حکام کے مطابق جموں میں سیلابی پانی کے نالے سے چار لاشیں نکالی گئیں۔ بدھ کی شام نگروٹا میں دریائے توی سے ایک لاش نکالی گئی۔ مارہ میں نالے سے ایک اور معمر شخص کی/2

# سیلاب کا خطرہ ٹل گیا، اگلے 15 دن نازک/ ماہرین موسم

## مون سون جاری ہے، عوامی تعاون سے سرکاری ٹیمیں کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرسکتی ہیں/صوبائی کمشنر



سرینگر/ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشول گرگ نے جمعرات کو سیلاب کی حالیہ صورتحال سے نمٹنے میں کشمیر کے لوگوں کی ہمت اور تعاون کی تعریف کرتے ہوئے خبردار کیا کہ اگلے 10 سے 15 دن انتہائی اہم اور نازک ہیں۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر نے کہا کہ دریائے جہلم میں پانی کی سطح کم ہوگئی ہے۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ایڈوائزری پر عمل کریں جبکہ ٹیمیں ہائی الرٹ پر رہیں۔ جے کے این ایس کے مطابق کشمیر کی صوبائی کمشنر انشول گرگ نے جمعرات جو اپنے دفتر کے چیمبر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں کشمیر کے لوگوں کو پرسکون اور لچک کیساتھ حالات کو سنبھالنے پر مبارکباد دینا چاہوں گا۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر نے کہا کہ تمام ٹیمیں قریب سے نگرانی کر رہی تھیں، لیکن یہ شہریوں کی بیداری اور ہمت نے ہی فرق کیا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ آنے والے 10 سے 15 دن انتہائی اہم ہیں۔ انشول گرگ نے رہائشیوں پر زور دیا کہ وہ موسمی ہدایات پر عمل کریں اور جہلم اور اس کے معاون ندیوں کے قریب چوکس رہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگلے 40 دن اہم ہیں کیونکہ مون سون جاری ہے۔ عوامی تعاون سے ہماری ٹیمیں کسی بھی چیلنج سے نمٹ سکتی ہیں۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشول گرگ نے کہا کہ رام منشی باغ اور سنگم میں پانی کی سطح کم ہوگئی ہے، جو موثر محکمانہ کام اور کمیونٹی بیداری دونوں کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ طویل مدتی سیلاب کی تیاری کیلئے تجاویز شیئر کریں۔ ڈویژنل کمشنر نے مکینوں کو یقین دلایا کہ صورتحال قابو میں ہے اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ مسلسل تعاون کشمیر کو مون سون کے موسم میں محفوظ رکھے گا۔ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشول گرگ نے کہا کہ سرکاری ایجنسیاں تیاری کی حالت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں اور فیلڈ افسران ضرورت پڑنے پر بروقت مداخلت کو یقینی بنانے کے لیے قریبی تال میل کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایمرجنسی رسپانس سسٹم اور انخلاء کے منصوبے بدستور موجود ہیں۔ دریں اثناء انشول گرگ نے فوج، پولیس، ایس ڈی آر ایف، این ڈی آر ایف، اور محکمہ آبپاشی اور فلڈ کنٹرول کی مربوط کوششوں کی بھی تعریف کی، یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ 150 سے زیادہ خطرناک مقامات کی قریب سے نگرانی کی/5





تصویر/سعید مظفر

## آگ کی واردات میں 6 مکان نذر آتش، آٹھ افراد گھائل

### کشتواڑ میں رات کے وقت کہرام، چار زخمیوں کی حالت نازک

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ میں بدھ کی شب ایک رہائشی علاقے میں بھیانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے کئی مکانوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے میں کم از کم چھ مکان خاکستر ہوگئے جبکہ آٹھ افراد زخمی ہوئے جن میں چار کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق، آگ اس قدر شدید تھی کہ فائر سروسز کو کئی گھنٹوں کی جدوجہد کے بعد قابو پانے میں کامیابی ملی۔ زخمیوں کو فوری طور پر ضلع اسپتال کشتواڑ منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد چار کو گورنمنٹ میڈیکل کالج ڈوڈہ ریفر کر دیا۔ ادھر مقامی رکن اسمبلی شگن پریہار نے جائے حادثہ کا دورہ کرتے ہوئے/3

## ہاری پاریگام اونتی پورہ میں سیکورٹی فورسز کا مشترکہ تلاشی آپریشن

### اونتی پورہ گرینیڈ حملے میں ملوث مشتبہ ملی ٹنٹ گرفتار، اسلحہ برآمد

سرینگر/سی این آئی/ سیکورٹی فورسز نے اونتی پورہ گرینیڈ حملے میں مبینہ طور پر ملوث ملی ٹنٹ کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق سیکورٹی فورسز نے بدھ کی شام اونتی پورہ کے ہاری پاریگام علاقے میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران ایک مشتبہ ملی ٹنٹ کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا۔ اس کی تلاشی کے دوران ایک پستول، ایک میگزین اور 9 ایم ایم کے سات زندہ راؤنڈ برآمد ہوئے۔ گرفتار شہری کی شناخت ثاقب ریاض گنائی ولد ریاض احمد گنائی ساکن چکی چولن شوپیان کے بطور ہوئی انہوں نے کہا کہ وہ 20 مئی 2025 کو لاریار میں 180 بلین سی آر پی ایف کیمپس پر گرینیڈ حملے کا اہم ملزم تھا۔ پولیس ذرائع نے مزید کہا کہ ثاقب 11 مئی سے لاپتہ تھا اور 11 جون سے عسکریت پسند کے طور پر سرگرم تھا۔ اس سلسلے میں متعلقہ دفعات کے تحت ایف آئی آر نمبر 131/2025 پہلے ہی پولس اسٹیشن شوپیان میں درج ہے۔

## آٹو کے ساتھ ٹکر کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار موقعہ پر جان بحق

### بٹہ مالو سرینگر کے پُرانے بس اسٹینڈ کے قریب واقعہ، آٹو ڈرائیور فرار

سرینگر/سی این آئی/ بٹہ مالو سرینگر میں سڑک حادثے میں 40 سالہ شہری لقمہ اجل بن گیا۔ سی این آئی کے مطابق بٹہ مالو سرینگر کے پرانے بس اسٹینڈ کے قریب سڑک حادثے میں ایک 40 سالہ شخص کی موت ہو گئی۔ نمائندے نے عین شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ایک موٹر سائیکل زیر نمبر JK01D-7021 کو آٹو نے زوردار ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار فاروق احمد بٹ ولد ثناء اللہ بٹ ساکنہ خواجہ پورہ، نوگام شدید طور پر زخمی ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ اٹو ڈرائیور موقعہ سے فرار ہوگیا۔ مقامی لوگوں نے زخمی شہری کو اٹھا کر علاج کیلئے اسپتال پہنچایا تاہم وہ اسپتال میں زندگی کی جنگ ہار گیا۔ پولیس کے ایک سنیئر آفیسر نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ اس معاملے میں کیس درج کرلی گئی ہے۔

## گیارہ سال قبل آئے سیلاب سے سبق سیکھنا پڑے گا/ وزیراعلیٰ

### عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے غلطیوں کو درست کرنا ضروری ہے

سرینگر/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعرات کو اعتراف کیا کہ جموں وکشمیر صرف دو دن کی شدید بارش کے بعد سیلاب کی صورتحال کے خطرناک حد تک قریب پہنچ گیا ہے، اور کہا کہ ان کی انتظامیہ مستقبل میں اس طرح کے خطرات کو روکنے کے لیے 2014ء کے اسباق پر نظرثانی کرے گی۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق سرینگر میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا "2014 میں 6 دن کی بارش کے بعد سیلاب آیا تھا، اس بار ہمیں سیلاب جیسی صورتحال کی طرف دھکیلنے کے لیے صرف دو دن کافی تھے، خدا کے فضل سے اب پانی کم ہوگیا ہے اور فوری خطرہ ہمارے پیچھے ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت جلد ہی 2014 کے سیلاب کے بعد نافذ کئے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لے گی۔ انہوں نے کہا ہمیں اس بات کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے کہ کیا بہتری لائی گئی، فلڈ چینلز اور جہلم کی لے جانے کی صلاحیت میں کیا ہوا، اور کہاں کہاں خلا باقی ہے۔ میں آنے والے دنوں میں ان سب کا جائزہ لینے کے لیے افسران کے ساتھ بیٹھوں گا،" ۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے غلطیوں کو درست کرنا ضروری ہے۔ عمر نے کہا، "ہم لوگوں کو ہر سال اس بار بار آنے والے خطرے میں رہنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ یہ اپنی غلطیوں کو سدھارنے کا وقت ہے۔

## ٹوکیو میں ہندوستان اور جاپان کی چوٹی کانفرنس کا مجوزہ انعقاد

### مودی کے دورے سے دونوں ملکوں کے تعلقات مضبوط ہوں گے

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیراعظم نریندر مودی کے جاپان کے آٹھویں دورے سے ، جو 15ویں ہندوستان جاپان سالانہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لیے آج شام ٹوکیو روانہ ہو رہے ہیں، توقع ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاع، تجارت، سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کے میدان میں تعاون کو فروغ ملے گا۔ مودی، جو جاپان کے وزیراعظم شگیر وایشیبا کی دعوت پر دو روزہ دورے پر جا رہے ہیں، ان کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان 2000 سے جاری عالمی شراکت داری اور 2014 میں شروع ہونے والی خصوصی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ مودی کے جاپان کے دورے کو بہت اہم قرار دیا جا رہا ہے، جو کہ جاپان کے ساتھ تعطل اور امریکہ کے ساتھ تعطل کے درمیان آ رہا ہے۔ وزیراعظم ایشیبا کے ساتھ مسٹر مودی کی یہ پہلی سالانہ چوٹی کانفرنس ہے اور اسے اس لیے بھی اہم سمجھا جا رہا ہے کیونکہ گزشتہ سات برسوں میں یہ پہلا دورہ ہے جو مکمل طور پر دوطرفہ تعلقات کے لیے وقف ہے۔ 2014 میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے یہ وزیراعظم کا جاپان کا آٹھواں دورہ ہے۔ اس سے جاپان کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے دائرہ کار اور/ 4

## جن دھن یوجنا نے آخری قطار میں کھڑے لوگوں کو بھی مالیاتی نظام سے جوڑا/ مودی

### کھاتہ داروں کو 38 کروڑ سے زیادہ مفت روپے کارڈ جاری کیے گئے ہیں



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیراعظم نریندر مودی نے جن دھن یوجنا کے 11 سال مکمل ہونے کے موقع پر جمعرات کو کہا کہ اس نے آخری قطار میں کھڑے لوگوں کو بھی مالیاتی نظام سے جوڑا اور انہیں اپنی قسمت خود سنوارنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ پردھان منتری جن دھن یوجنا 28 اگست 2014 کو شروع کی گئی تھی۔ اس موقع پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری سرکاری پوسٹس پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مسٹر مودی نے لکھا، "جب آخری سرے پر موجود لوگ مالیاتی نظام سے جڑتے ہیں، تو پورا ملک ایک ساتھ ترقی کرتا ہے۔ یہ پی ایم جن دھن یوجنا کی یہی کامیابی ہے ۔ اس نے لوگوں کو عزت نفس اور اپنی تقدیر خود لکھنے کی طاقت دی۔ وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے مطابق جن دھن یوجنا کے تحت اب تک 56.21 کروڑ بینک اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں، جن میں کل 265503 کروڑ روپے جمع ہیں۔ جن دھن کھاتہ داروں کو 38 کروڑ سے زیادہ مفت روپے کارڈ جاری/6

## کپوارہ میں ڈیوٹی کے دوران

### ایک جوان جان بحق، فوج کا خراج

سرینگر/ یو این آئی/ فوج نے شمالی کشمیر کے ضلع کپوارہ میں دوران ڈیوٹی اپنی جان نچھاور کرنے والے جوان کو خراج عقیدت پیش کیا۔ فوج کی چنار کور نے 'ایکس 'پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا: ' چنار کور ضلع کپوارہ میں آپریشنل ڈیوٹی انجام دینے کے دوران بہادر حوالدار اقبال علی کی عظیم قربانی کو خراج تحسین پیش کرتی ہے '۔ انہوں نے کہا کہ ان کی ہمت اور لگن ہمیشہ ہمیں متاثر کرتی رہے گی۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا: 'چنار واریرز اس بہادر جوان کی بہادری اور قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں'۔ انہوں نے کہا: ' ہم سوگوار خاندان کے ساتھ یکجہتی میں کھڑے ہیں اور ان کی خیریت کے لیے پرعزم ہیں'۔

## قانون ساز اسمبلی نے 5 ستمبر تک طے شدہ میٹنگیں ملتوی کر دیں

سرینگر/ سی این آئی /سیکرٹری قانون ساز اسمبلی کے جاری کردہ ایک سرکاری سرکلر کے مطابق 5 ستمبر 2025 تک کمیٹیوں، مالیاتی کمیٹیوں اور دیگر کمیٹیوں کے تمام اجلاس ملتوی کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ اس لیے کیا گیا کیونکہ انتظامیہ موسم کی خراب صورتحال سے پیدا ہونے والی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے میں پوری طرح مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام متعلقہ افراد سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا ہدایات کو نوٹ کریں۔

## عیدمیلاد النبیؐ کے سلسلے میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے اِنتظامات کا جائزہ لیا

### عقیدت مندوں کو سہولیات بغیر کسی رُکاوٹ کے فراہم کرنے کی متعلقہ حکام کو ہدایت

سری نگر/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت بل درگاہ میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی جس میں ربیع الاوّل کے بابرکت مہینے میں منائے جانے والے عیدمیلاد النبیؐ کے سلسلے میں کئے جا رہے اِنتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اُنہوں نے اس موقعہ کو مسلمانوں کے مذہبی کیلنڈر کے اہم ترین مواقع قرار دیتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے کے ہر ممکن کوشش کرنے کی ضرورت پر زور دیا کہ تقریبات کو خوش اسلوبی سے انجام دیا جائے اور عقیدت مندوں کو کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیراعلیٰ نے اِنتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ٹریفک مینجمنٹ اور عقیدت مندوں کی سہولیت کو اوّلین ترجیح قرار دیا۔ اُنہوں نے پارکنگ کے مناسب اِنتظامات، متعین ٹریفک روٹس کی پابندی، شٹل خدمات کی فراہمی اور عقیدت مندوں سے زائد کرایہ وصول کرنے سے روکنے کے لئے کرایہ کے سخت ضابطے کی ضرورت پر زور دیا۔ اُنہوں نے کہا،''لوگوں کو درگاہ حضرت بل تک پہنچنے میں کوئی دقت نہیں ہونی چاہیے۔ ٹرانسپورٹ کا اِنتظام، آرام دہ، باقاعدہ اور آسانی سے دستیاب ہونا چاہیے۔'' عمر عبداللہ نے حفاظتی اِنتظامات کے حوالے سے مرد وخواتین/ 7



## جھیل ڈل کے گھاٹ نمبر 8 پر ایک مردہ شخص کو پایا گیا

### بیروہ میں اینٹوں کے کارخانے میں پنجاب کا مزدور سینے میں درد کے بعد فوت

سرینگر/ سی این آئی/ بیروہ بڈگام میں ایک غیر مقامی مزدور سینے میں درد کی شکایت کے بعد موت کی آغوش میں چلا گیا۔ سی این آئی کے مطابق پنجاب سے تعلق رکھنے والے مزدور کی بڈگام کے بیرواہ علاقے میں سینے میں درد کی شکایت کے بعد موت ہوگئی۔ حکام نے بتایا کہ 31 سالہ مجندر سنگھ ولد لطف سنگھ ساکنہ دیون پنجاب انیٹ کے بٹھ میں کام کر رہا تھا جس دوران انہوں نے سینے میں درد کی شکایت کی۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کو فوری طور پر علاج کیلئے سب ضلع اسپتال بیروہ بڈگام منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا۔ طبی لوازمات کی ادائیگی کے بعد نعش کو آخری رسومات کی ادائیگی کیلئے لواحقین کے سپرد کیا گیا۔ ادھر سرینگر میں ڈل جھیل کے گھاٹ نمبر 8 میں ایک شخص بے ہوش پایا گیا۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر اسے اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دے دیا۔ شہری کی شناخت شبیر رفیق موچی/9

## وادی کے سکول آج کھلیں گے

### جموں میں آج اور کل بند ہونگے

سرینگر/ سی این آئی /خراب موسم اور سیلابی صورتحال کے چلتے کشمیر میں دو دنوں تک بند رہنے کے بعد تمام اسکول آج یعنی جمعہ سے دوبارہ کھلیں گے تاہم جموں میں حکام نے اعلان کیا ہے کہ صوبے کے تمام سرکاری و نجی اسکول 30 اگست تک بند رہیں گے۔ سی این آئی کے مطابق ٹنل کے آر پار موسلادار بارشوں کے بعد پیدا شدہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر حکام نے جموں اور کشمیر صوبے میں اسکولوں کو بند رکھنے کا حکم دیا تھا۔/ 8

## شادی خانہ آبادی

مسز اینڈ مسٹر فدا حسین صوفی (کاچگری مسجد فتح کدل سرینگر) کی دختر نیک اختر محترمہ سعدیہ کی شادی خانہ آبادی کے موقعہ پر دوست واحباب اور عزیز واقارب نے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اس خوشی کے موقعہ پر مدیران سرینگر ٹائمز اور فیملی فدا حسین ان کی اہلیہ محترمہ اور دلہن کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے دُعا گو ہیں کہ دولہا اور دولہن کی ازدواجی زندگی سدا خوشگوار اور مسرت آمیز ثابت ہوجائے۔ آمین

